روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 4 جولائی 2009ء 10 رجب 1430 ہجری 4 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 149

## ہر چیز دکھا دی گئی

حضرت اسماءؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک بار رسول اللہ ﷺ نے نماز کسوف پڑھائی اور اتنا لمبا قیام کیا کہ مجھ پر غشی طاری ہونے لگی۔ پھر نماز کے بعد آپؐ نے خطبہ دیا اور فرمایا ہر وہ چیز جو پہلے مجھے نہیں دکھائی گئی تھی اب میں نے اپنی جگہ کھڑے کھڑے دیکھ لی ہے یہاں تک کہ جنت اور جہنم بھی۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب من اجاب الفتیا حدیث نمبر:84)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ بات بھی بالکل غلط اور کورانہ خیال ہے کہ انسان خود بخود نعمت توحید حاصل کر سکتا ہے بلکہ توحید خدا کی کلام کے ذریعہ سے ملتی ہے اور اپنی طرف سے جو کچھ سمجھتا ہے وہ شرک سے خالی نہیں۔ اسی طرح خدا تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان لانے کے بارے میں انسانی کوشش صرف اِس حد تک ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کر کے اُس کی کتاب پر ایمان لاوے اور صبر سے اُس کی پیروی کرے اس سے زیادہ انسان میں طاقت نہیں لیکن خدا تعالیٰ نے آیت ھدًی للمتقین میں یہ وعدہ فرمایا ہے کہ اگر اس کی کتاب اور رسول پر کوئی ایمان لائے گا تو وہ مزید ہدایت کا مستحق ہوگا اور خدا اُس کی آنکھ کھولے گا اور اپنے مکالمات اور مخاطبات سے مشرف کرے گا اور بڑے بڑے نشان اُس کو دکھائے گا۔ یہاں تک کہ وہ اِسی دُنیا میں اُس کو دیکھ لیگا کہ اُس کا خدا موجود ہے اور پوری تسلی پائے گا۔ خدا کا کلام کہتا ہے کہ اگر تو میرے پر کامل ایمان لاوے تو میں تیرے پر بھی نازل ہوں گا۔ اسی بنا پر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اِس اخلاص اور محبت اور شوق سے خدا کے کلام کو پڑھا کہ وہ الہامی رنگ میں میری زبان پر بھی جاری ہو گیا۔ لیکن افسوس کہ لوگ اِس بات کو نہیں سمجھتے کہ مکالمات الٰہیہ کیا شئے ہیں اور کس حالت میں کہا جائے گا کہ خُدا کسی شخص سے مکالمہ فرماتا ہے بلکہ اکثر نادان لوگ شیطانی القاء کو بھی خدا کا کلام سمجھنے لگتے ہیں اور اُنکو شیطانی اور رحمانی الہام میں تمیز نہیں۔ پس یاد رہے کہ رحمانی الہام اور وحی کیلئے اول شرط یہ ہے کہ انسان محض خدا کا ہو جائے اور شیطان کا کوئی حصہ اُس میں نہ رہے ............ اِسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ھل انبئکم علیٰ من تنزّل ............ مگر جس میں شیطان کا حصہ نہیں رہا اور وہ سفلی زندگی سے ایسا دُور ہوا کہ گویا مر گیا اور راستباز اور وفادار بندہ بن گیا اور خدا کی طرف آ گیا اُس پر شیطان حملہ نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ان عبادی لیس لک ............ جو شیطان کے ہیں اور شیطان کی عادتیں اپنی اندر رکھتے ہیں اُنہیں کی طرف شیطان دوڑتا ہے کیونکہ وہ شیطان کے شکار ہیں۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 141)

## مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ "مریم شادی فنڈ" ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

"اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔"

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

## نمایاں کامیابی

مکرم ناصر احمد ظفر صاحب تحریر کرتے ہیں۔

یونائیٹڈ نیشنز فاؤنڈیشن کے تحت گلوبل وارمنگ کے موضوع پر تمام دنیا کے سکولوں میں مقابلہ مضمون نویسی منعقد کیا گیا۔ اقوام متحدہ کی ایک پریس ریلیز کے مطابق اس مقابلہ میں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک احمدی بچی عزیزہ عینی اطہر بنت مکرم اطہر عالم فاروقی صاحب متعلم ایلیف کر (Kerr) ہائی سکول ہیوسٹن نارتھ امریکہ کا مضمون تمام دنیا کے سکولوں کے مقابلہ میں اول قرار پایا اور وہ انعام کی بھی حقدار قرار پائی۔ عزیزہ عینی اطہر جماعت احمدیہ کے محترم بزرگ حضرت شیخ محمد احمد مظہر صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ فیصل آباد کی نسل سے ہے احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کامیابی کو مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

مکرم رضوان احمد افضل صاحب مربی سلسلہ فری ٹاؤن

# سیرالیون کے خلافت جوبلی پروگرامز

خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے پہلے یوم خلافت کے موقع پر سیرالیون بھر میں یہ دن نہایت جوش و خروش سے منایا گیا۔ سیرالیون کے تمام 12 ریجنز میں یوم خلافت کے حوالے سے جلسوں اور مارچ پاسٹ کا اہتمام کیا گیا۔ ان جلسوں میں ہزاروں کی تعداد میں احمدیوں نے شرکت کی۔

سیرالیون بھر میں کل 120 مقامات پر جلسہ ہائے یوم خلافت کا انعقاد ہوا۔ ان جلسوں میں 140 جماعتوں کے کل 35,855 احباب نے شرکت کی۔

چند جلسوں کی مختصر رپورٹ درج ذیل ہے۔

## Bo ٹاؤن

Bo ٹاؤن میں دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔

جلسے کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جلسے کی خاص بات احمدیہ سکولز کے 5 طلباء کی خلافت کے حوالے سے گرما دینے والی تقاریر تھیں۔ ان تقاریر کو طلباء اور تمام شاملین نے بہت پسند کیا۔ محترم امیر صاحب سیرالیون نے بہترین تقریر پر 2 طلباء کو انعام بھی دیا۔

مکرم امیر صاحب سیرالیون مولانا سعید الرحمٰن صاحب نے اپنے خطاب میں حاضرین کو خلافت اور خلیفہ کی جماعت میں اہمیت کے بارے میں بتایا۔

جلسہ میں بہت سے غیر از جماعت نے بھی شمولیت کی جن میں ڈسٹرکٹ چیف امام، چیف امام Bo ٹاؤن سینٹرل امام، چیف کوآرڈینیٹر دعوہ مشن نے شمولیت کی۔ دعا کے ساتھ یہ جلسہ اپنے اختتام کو پہنچا۔

ریڈیو اور اخبارات میں اس جلسے کے بارے میں خبریں آئیں۔ اخباری نمائندوں نے محترم امیر صاحب کا انٹرویو بھی لیا۔

## تایاما جماعت

تایاما کے مقام پر جلسے کا انعقاد کیا گیا۔ یہاں حال ہی میں لوکل مشنری مکرم عثمان سانکو صاحب کا تقرر ہوا ہے۔ یہاں جماعت اتنی مضبوط نہ تھی مگر اب خدا کے فضل سے جماعت تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ یہاں بہت کامیاب جلسے کا انعقاد ہوا۔ اس جلسے میں 200 سے زائد نومبائعین نے شرکت کی۔ سکول کے طلباء، اساتذہ اور علاقے کے معززین نے بھی جلسہ میں شرکت کی۔ جلسے میں خلافت کی اہمیت اور خلافت کی برکات کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔

## پورٹ لوکو

اس ریجن میں تین جلسے ہوئے۔ ان جلسوں کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ علاقے کے 5 سیاستدانوں کے علاوہ، 2 کونسلرز اور تین غیر احمدی امامز نے بھی ان جلسوں میں شرکت کی۔ ان جلسوں کی کل حاضری 553 رہی۔

## روکوپور ریجن

اس ریجن میں کل 25 مقامات پر جلسوں کا انعقاد ہوا۔ ان جلسوں میں احمدیوں کے علاوہ غیر از جماعت دوستوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ مکرم امیر صاحب سیرالیون کی نمائندگی میں مکرم محمد نعیم اظہر صاحب مربی سلسلہ نے بعض جلسوں میں شرکت کی۔ اکثر جگہ جلسے کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ ان جلسوں میں 15 سیکشن چیفس، 18 ٹاؤن چیفس اور 47 امامز کے علاوہ 12,006 افراد نے شرکت کی۔

## کینیما ریجن

کینیما ریجن میں کل 12 جلسوں کا انعقاد ہوا۔

ان جلسوں میں احباب جماعت کے علاوہ سرکردہ شخصیات اور غیر احمدی دوستوں نے بھی شرکت کی۔ ان جلسوں میں چیفڈم سپیکر کینیما، 6 کونسلرز، 7 امامز، چیفڈم چیف امام، 4 پرنسپلز، 45 غیر احمدی ٹیچرز نے بھی شرکت کی۔ ان جلسوں میں خلافت کی برکات، اطاعت خلیفہ اور خلافت کی اہمیت کے عناوین کے تحت مختلف تقاریر ہوئیں۔ ان جلسوں کی کل حاضری 3,000 سے زائد رہی۔

## دارو ریجن

دارو ریجن میں خلافت جوبلی کے حوالے سے 6 جلسوں کا انعقاد ہوا۔ ان جلسوں میں احمدی احباب کے علاوہ علاقے کی کئی بااثر شخصیات نے شرکت کی۔ ان میں ٹاؤن چیف، 3 سیکشن چیف، اور 2 کوٹ چیئرمین شامل ہوئے۔ ان جلسوں کی کل حاضری 2,000 سے زائد رہی۔

احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان جلسوں کے نتیجہ میں بہترین نتائج پیدا فرمائے اور تمام شاملین کو اپنے اندر نیک تبدیلیاں پیدا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

# پیار کے انمول سلسلے

سرور و کیف کی ہر آن لذتوں میں رکھے
وہی تو ہے جو ہمیں اپنی رحمتوں میں رکھے

وہ جس کا نور زمانوں کو روشنی بخشے
اسی کا فیض ہمیں فن کی عظمتوں میں رکھے

وہ جس کتاب نے بخشی ہے ہر نظر کو جِلا
مرا حریف کہ بس اس کو طاقچوں میں رکھے

مرے شعور کو اس نے ہی وسعتیں دی ہیں
وہی تو ہے جو مجھے اپنے ضابطوں میں رکھے

بھٹک رہے ہو جو مدت سے تم سرابوں میں
ہاں تیرا زعم ہی تجھ کو مصیبتوں میں رکھے

نہ کوئی جا ہے اس پر نہ روشنی کا سراغ
ہے کیسی راہ جو ہر پل مسافتوں میں رکھے

ہیں خوش نصیب ہمیں ایسا در میسر ہے
جو ہم کو پیار کے انمول سلسلوں میں رکھے

اسی کے قُرب سے ملتا ہے ہم کو چین و قرار
وہ ایک شخص جو ہم سب کو راحتوں میں رکھے

**عبدالصمد قریشی**

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

قسط : ہفتم

## حقیقۃ الوحی کے مطالعہ میں سہولت کے لئے

# فرہنگ حقیقۃ الوحی

## مشکل الفاظ واصطلاحات کا تلفظ اور ان کے معانی

مشکل الفاظ کا تلفظ اوران کے معانی کی ساتویں قسط پیش ہے۔امید ہے کہ پہلی اقساط بھی آپ کے پاس محفوظ ہوں گی۔بقیہ اقساط بھی محفوظ رکھیں تا کتاب مکمل ہوجائے۔مشکل الفاظ کے علاوہ کتاب میں موجود بعض اسماء، مقامات، کتابیات اور اصطلاحات کا تعارف بھی قسط وار شائع کیا جائے گا۔اللہ تعالیٰ احسن رنگ میں حضرت اقدس کی کتب کے مطالعہ کی توفیق دے۔امین

مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

### ک گ ل م

| الفاظ | تلفظ | معانی |
|---|---|---|
| کاتب | کَاتِبُ | لکھنے والا |
| کاٹھ | کَاٹھ | لکڑی، سوکھی لکڑی |
| کاذب | کَاذِبُ | جھوٹا |
| کارساز | کَارُسَازُ | کام پورے کرنے والا، حاجتیں برلانے والا، کام سنوارنے والا |
| کالعدم | کَالُعَدَمُ | نہ ہونے کے برابر، گویا کہ ہے ہی نہیں، ناپید |
| کامل المحبت | کَامِلُ الُمَحَبَّتُ | محبت میں کامل |
| کانشنس | کَانُشَنُس | ضمیر، قوت جو انسان کو بھلائی کی طرف متوجہ کرتی ہے، کیفیت شعوری |
| کثیر التعداد | کَثِیرُ التَّعُدَادُ | تعداد میں بہت زیادہ |
| کثیف | کَثِیُف | ٹھوس، کثافت والا، میلا، گندا |
| کج بحثی | کَجُ بَحُثِیُ | نامعقول گفتگو، فضول باتیں |
| کج طبع | کَجُ طَبُعُ | کج سرشت، ٹیڑھی فطرت، |
| کدورت | کُدُوُرَتُ | گدلا پن، گندگی، میل |
| کذاب | کَذَّابُ | بہت جھوٹ بولنے والا، بڑا جھوٹا |
| کرامت | کَرَامَتُ | خارق عادت امر جو کسی سے ظاہر ہو، انوکھی بات، کرشمہ |
| کرامات | کَرَامَاتُ | کرامت کی جمع، معجزہ |
| کرب | کَرُب | تکلیف |
| کرتار | کَرُتَارُ | پیدا کرنے والا، خالق حقیقی |
| کرشمہ | کَرِشُمَه | معجزہ، کرامت |
| کرشمہ خدائی | کَرِشُمَۂِ خُدَائِیُ | خدا کا اعجاز |
| کرموں کا پھل | کَرُموں کا پھل | اعمال کا صلہ |
| کرم شب چراغ | کِرُمِ شَبُ چِرَاغُ | جگنو |
| کڑا ڈالنا | کَڑَا ڈَالُنَا | دائرہ کھینچنا، حلقہ بنانا |
| کس | کَسُ | آدمی، شخص، فرد، کوئی، طاقت، زہد، بل |
| کسمپرسی | کَسُمَپُرُسِیُ | بے کسی، بے آسرا ہونا، وہ حالت جس میں کوئی پرسان حال نہ ہو |
| کسر صلیب | کَسُرِ صَلِیُب | صلیب کا توڑنا |
| کسوف خسوف | کُسُوُف خُسُوفُ | سورج اور چاند گرہن |
| کشاں کشاں | کَشَاں کَشَاں | کھنچتے ہوئے، بے اختیاری سے |
| کشائش | کُشَائِشُ | کشادگی، فراخی، خوشحالی، آسودگی |
| کشف | کَشُفُ | انکشاف، رؤیا یا الہام کے ذریعہ پوشیدہ چیزوں کا جاننا انکشاف کرنا |
| کف لسان | کَفِّ لِسَانُ | زبان کو روکنا، دم بخود ہونا، چپ |
| کفارہ | کَفَّارَہ | تلافی، بدلہ، عوض، گناہ دھو دینے والا عمل۔<br>عیسائیوں کا عقیدہ جس کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تمام گناہ گاروں کی طرف سے خود صلیبی موت قبول کی جس کی وجہ سے گناہ کی سزا انسانوں سے ختم کردی گئی۔ |
| کلجگ | کَلُجُگ | آخری زمانہ، برا زمانہ |
| کلمہ کفر | کَلِمَۂِ کُفُرُ | ایسی بات جس سے کفر لازم آئے |
| کلمہ گو | کَلِمَہ گو | کلمہ پڑھنے والا، دین اسلام کا پیرو، مسلمان |
| کل | کَلُ | مشین، گزرا ہوا دن، آنیوالا دن، حرکت |
| کلوں | کَلوُں | کل کی جمع۔مشین |
| کلیسیا | کَلِیُسِیَا | گرجا گھر، عیسائیوں کا عبادت خانہ |
| کلیں | کَلِیُں | کل کی جمع، مشینیں |
| کمال تام | کَمَالِ تَامّ | ایسا ہنر (خوبی، لیاقت، وصف) جو کامل ہو، مکمل ہو |
| کمر باندھنا | کَمَرُ بَاندھنا | تیار ہونا مستعد یا آمادہ ہونا، پختہ ارادہ کرنا |
| کمربستہ | کَمَرُ بَسُتَه | کمر باندھے ہوئے، کسی کام کی انجام دہی کے لئے تیار ہونا |
| کمیت | کَمِیَّتُ | مقدار جو تولی یا ناپی جائے، گنی جائے |
| کنارِ عاطفت | کِنَارِ عَاطِفَتُ | آغوش، شفقت، زیر سایہ |
| کنٹھ | کَنُٹھ | حفظ، زبانی یاد ہونا |
| کنج ران | کُنُج رَانُ | ران کا جوڑ، ران کا آخر جو پیٹ کے ساتھ جڑا ہوا ہو |
| کنزِ مخفی | کَنُزِ مَخُفِیُ | پوشیدہ خزانہ، چھپا ہوا خزانہ |
| کوس | کوُس | راستے کی ایک حد معین جس کی لمبائی بعض کے نزدیک دو میل کے برابر اور بعض کے نزدیک 4 ہزار یا 3 ہزار گز ہے۔ |
| کوفتۂ خاطر | کوفُتَه خَاطِرُ | جسے آفت پہنچی ہو، صدمہ یا رنج میں مبتلا ہونا |
| کہرام | کُہُرَام | گریہ وزاری، رونا پیٹنا |
| کھتری | کَھتِرِی | ہندوؤں کی ایک ذات |
| کیں | کِیُں | کینہ |
| کینکر کی سڑکیں | کینکُرُ کی سڑکیں | چھوٹے پتھروں کی سڑکیں، کنکروں کی سڑکیں |
| کینہ | کِیُنَه | عداوت، دشمنی، بیر، نفاق |
| گداگری | گدَاگرِی | فقیری |
| گراں نرخ | گِرَاں نِرُخ | قیمت کے لحاظ سے مہنگا، بیش قیمت |
| گرو | گُرُوُ | ہندو پنڈت، استاد، مہاتما، درس دینے والا |
| گریہ وبکا | گِرُیَۂ و بُکَا | رونا، آنسو بہانا، رقت |
| گم گشتہ | گُمُ گشُتَه | گم شدہ |
| گمشدہ | گُمُشُدَہ | کھویا ہوا، بھٹکا ہوا، راستہ بھولا ہوا |
| گوسالہ | گوُسَالَه | گائے کا یک سالہ بچہ، بچھڑا |
| گیان | گِیَانُ | عقل، فہم فراست، سمجھ، دانائی، زیرکی، علم |
| لا یلدغ المؤمن من جحر واحد مرتین | لَا یُلُدَغُ الُمُؤُمِنُ مِنُ جُحُرِ وَاحِدِ مَرَّتَیُن | مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا |

| | | |
|---|---|---|
| لاٹ | لَاٹ | آگ وغیرہ کی اونچی لو،شعلہ،شعلے کی لپیٹ |
| لاثانی | لَاثَانِیْ | جس جیسا دوسرا نہ ہو |
| لاچار | لَاچَارْ | بے بس،مجبور |
| لاغر | لَاغَرْ | دبلا پتلا،نحیف وناتوان،کمزور |
| لاف وگزاف | لَافْ و گَزَافْ | لغو دعویٰ،فضول ڈینگیں |
| لطیف | لَطِیْف | صاف شفاف،پتلا یا باریک،بندوں پر احسان کرنے والا،خدا کی صفت |
| لعنت اللہ علی الکاذبین | لَعْنَتُ اللہِ عَلَی الْکَاذِبِیْن | جھوٹوں پر اللہ کی لعنت |
| لعین | لَعِیْن | ملعون،مردود،لعنتی،دوزخی،بھٹکا ہوا |
| لغزش | لَغْزِشْ | پھسلن،جگہ سے ہٹنا، بہکنا |
| لفظی نزاع | لَفْظِیْ نِزَاعْ | الفاظ پر مشتمل بحث،الفاظ کے متعلق بحث |
| لقا | لِقَا | دیدار،درشن،ملاقات |
| لکھ توں ککھ کرنا | لکھ تُوں کَکھ کَرْنَا | انتہائی مالدار سے فقیر اور کنگال کر دینا (لکھ :ایک لاکھ)،(ککھ :تنکا) |
| لنگر خانہ | لَنْگَرْخَانَہ | وہ جگہ جہاں فقیروں،مسافروں اور مسکینوں کے لئے کھانا تقسیم ہو |
| لوازم | لَوَازِمْ | ضروری چیزیں،ضروری سامان،ضروری امور |
| لئیم | لَئِیْم | کمینہ،ناکس |
| لہوولعب | لَھْو و لَعَب | کھیل کود،وہ شغل جس سے تفریح ہو،ہنسی مذاق،عیش ونشاط |
| مابہ الامتیاز | مَابِہِ الْاِمْتِیَازْ | وہ چیز جس سے فرق وامتیاز ہو سکے |
| مات کرنا | مَاتْ کَرْنَا | ہرانا،شکست دینا،قائل کرنا |
| ماحصل | مَاحَصَل | جو حاصل ہو،نتیجہ،حصول،ثمرہ |
| ماخوذ | مَاخُوذْ | اخذ کیا ہو،وہ چیز جو کہیں سے لی گئی ہو |
| مادہ شیر | مَادَہ شیر | شیرنی،شیر کی مؤنث |
| مامور | مَاْمُوْرْ | نبی،جس کو حکم ملا ہو،مقررہ،متعین |
| ماہرین ہیئت | مَاھِرِیْنِ ھَیْئَتْ | اس علم کے ماہر شخص جس میں اجرام فلکی اور زمین کی گردش اور کشش کا بیان ہوتا ہے |
| مبادا | مَبَادَا | کہیں ایسا نہ ہو |
| مباہلہ | مُبَاھَلَہ | کسی متنازعہ فیہ مسئلے کا فیصلہ خدا پر چھوڑتے ہوئے دعا کرنا |
| مبدل برحمت | مُبَدَّلْ بِرَحْمَتْ | جو تکلیف یا دکھ میں بدل جائے |
| مبدء | مَبْدَءْ | شروع،منبع،بنیاد،ماخذ |
| مبدء الکل | مَبْدَءُ الْکُلْ | تمام اشیاء کا منبع،اصل سرچشمہ |
| مبدء فساد | مَبْدَءِ فَسَادْ | فساد کے آغاز کی جگہ |
| مبدء فیض | مَبْدَءِ فَیْض | فیض کا سرچشمہ،بانی کل |
| مبرا | مُبَرَّا | کسی گناہ یا تہمت سے بری،پاک وصاف ہونا |
| مبعوث | مَبْعُوْث | بھیجا ہوا |
| مبہوت | مَبْھُوْت | حیران،متحیر،ہکا بکا،بھونچکا |
| متابعت | مُتَابَعَتْ | پیروی،اتباع،تابعداری |
| متاع | مَتَاعْ | مال واسباب،پونجی،اسباب،سرمایہ |
| متبرک | مُتَبَرَّکْ | برکت والا،مبارک،پاک،مقدس |
| متبعین | مُتَّبِعِیْن | متبع کی جمع۔پیروی کرنے والے،پیچھے پیچھے چلنے والے |
| متحمل | مُتَحَمِّلْ | (بوجھ) اٹھانے والا،برداشت کرنے والا |
| متخاصمین | مُتَخَاصِمِیْن | جھگڑا یا بحث کرنے والے فریقین، |
| متذکرہ | مُتَذَکَّرَہ | بیان کیا گیا،بیان کیا ہوا،جس کا ذکر کیا گیا |
| مترتب | مُتَرَتَّبْ | ملنا،نتیجہ ہونا،نکلنا۔کسی کام کے نتیجہ میں انسان جس اجر کا مستحق ہو اس کا ملنا |
| مترو | مِتْرُوْ | ساتھیو،دوستو،سجنو،بیلیو |
| متشابہات | مُتَشَابِھَاتْ | جن کے معنی مخفی ہوں،ملی جلی،ہم شکل |
| متصف | مُتَّصِفْ | جس میں کوئی وصف پایا جائے،موصوف،کوئی صفت رکھنے والا |
| متصل | مُتَّصِلْ | ملا ہوا،نزدیک پاس،قریب یا برابر |
| متصور | مُتَصَوَّرْ | جس کا تصور یا خیال کیا جائے،خیال میں لایا ہوا |

| | | |
|---|---|---|
| متعصب | مُتَعَصِّبْ | تعصب برتنے والا،کٹر،ہٹ دھرم |
| متفرق | مُتَفَرِّقْ | کئی،مختلف |
| متکفل | مُتَکَفِّلْ | کفیل،ذمے دار،ضامن |
| متمرد | مُتَمَرِّدْ | سرکش،نافرمان،باغی |
| متنافس | مُتَنَافِسْ | مقابلہ کرنے والا،مزاحمت کرنے والا |
| متناقض | مُتَنَاقِضْ | متضاد،مخالف،برعکس،ایک دوسرے کی ضد |
| متنبہ | مُتَنَبِّہ | خبردار کیا گیا،تنبیہ کیا گیا،ہوشیار،خبردار |
| متنفر | مُتَنَفِّرْ | نفرت کرنے والا،کراہت کرنے والا،بیزار |
| متولی | مُتَوَلِّیْ | انتظام کرنے والا،مہتمم |
| مثل | مِثْل | مانند،طرح |
| مثل مقدمہ | مِثْلِ مُقَدَّمَہ | قسم وار کاغذات کا مجموعہ جو ایک جگہ مرتب کیا جائے اور جن کا تعلق کسی مقدمہ یا خاص معاملہ سے ہو،مقدمہ کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں،روئداد مقدمہ،مقدمے کی فائل۔ |
| مثل خواں | مِثْل خَوان (خوان: تلفظ خاں) | کسی دفتر یا عدالت میں مثلیں پڑھ کر حاکم کو سنانے والا، پیشکار، ریڈر Reader |
| مثیل | مَثِیْل | مانند،نظیر،مثل،ویسا ہی |
| مثیل انبیاء | مَثِیْلِ اَنْبِیَاء | انبیاء کی مانند،مثل |
| مجادلہ | مُجَادَلَہ | مباحثہ،نزاع،بحث ومناظرہ،لڑائی،جنگ،ہنگامہ،باہمی جھگڑا |
| مجاز اور استعارہ | مَجَاز اور اِسْتِعَارَہ | وہ کلمہ یا لفظ یا صورت اظہار جو اپنے حقیقی معنی کے علاوہ کسی اور معنی میں مستعمل ہو اور دونوں معنوں میں تشبیہ کا یا کسی قسم کا تعلق ہو |
| مجازی رب | مَجَازِیْ رَبْ | جو حقیقی رب تو نہ ہو لیکن رب کا لفظ مجازی طور پر اس کے لئے استعمال ہو |
| مجال | مَجَالْ | طاقت،قدرت،بساط،حوصلہ،مقدور،ہمت |
| مجانین | مَجَانِیْن | مجنون کی جمع،دیوانے،پاگل |
| مجاہدہ | مُجَاھَدَہ | جدوجہد،محنت،مشقت،نفس کشی،ریاضت |
| مجبول | مَجْبُوْل | پیدا کیا ہوا،جبلت کیا ہوا |
| مجددوں | مَجَدِّدُوں | مجدد کی جمع،تجدید کرنے والا،مصلح،خصوصاً دین کی بنیادی باتوں کا از سر نو احیاء کرنے والا |
| مجذوم | مَجْذُوْم | جسے جذام کی بیماری ہو،کوڑھی |
| مجرد توحید | مُجَرَّدتوحید | خالص توحید |
| مجرد فطرت | مُجَرَّدْ فِطْرَت | خالص فطرت |
| مجمل آیتیں | مُجْمَلْ آیتیں | وہ آیات جو تفصیل کی محتاج ہوں جو مفصل بیان کئے بغیر واضح نہ ہو |
| مجموعہ ظنیات | مَجْمُوْعَۂِ ظَنِّیَاتْ | اُن باتوں کا مجموعہ جو صرف گمان سے تعلق رکھتی ہوں،وہمی باتوں کا مجموعہ |
| محال | مُحَالْ | جس کا ہونا ممکن نہ ہو،سخت دشوار،مشکل |
| محبت کا پیرایہ | مَحَبَّتْ کا پَیْرَایَہ | محبت کا تعلق،محبت کا اظہار |
| محبتانہ تعلق | مَحَبَّتَانَہ تعلق | محبت کا تعلق |
| محبوبیت | مَحْبُوْبِیَّتْ | محبوب ہونے کی کیفیت،معشوق ہونا،پیارا پن |
| محتمل المعانی | مُحْتَمِلُ الْمَعَانِیْ | جس کے کئی معانی مراد لئے جا سکیں |
| محجوب | مَحْجُوْب | جو حجاب میں ہو،مخفی،پنہاں،چھپا ہوا،پردے میں |
| محدثین | مُحَدِّثِیْن | محدث کی جمع۔ماہرین علم حدیث،علم حدیث کے جاننے والے ماہر لوگ (مُحَدِّث : حاء کی زیر کے ساتھ ہو تو علم حدیث کے جاننے والا،اور اگر مُحَدَّث : حاء کی زبر کے ساتھ ہو تو وہ جس سے خدا باتیں کرتا ہے،جس پر الہام نازل ہوتا ہو) |
| محرف | مُحَرَّفْ | ٹیڑھا،کجی والا،ترچھا،مقام سے ہٹا ہوا،بدلنے والا،تحریف کرنے والا |
| محرف ومبدل | محرّف و مُبَدَّلْ | بدلا ہوا،تبدیل شدہ،متغیر |
| محرقہ تپ | مُحْرِقَہ تَپ | بہت سخت بخار۔وہ بخار جس میں ایک مخصوص جرثومے سے آنتوں میں سوزش اور ورم آ جاتا ہے |
| محرک | مُحَرِّکْ | تحریک کرنے والا |
| محکم | مُحْکَمْ | مضبوط،پائیدار،مستحکم |
| محکم عقیدہ | مُحْکَمْ عَقِیْدَہ | پکا اور پختہ عقیدہ |

| | | |
|---|---|---|
| محکمات | مُحْکَمَات | قرآن مجید کی وہ آیات جن کے معنی صریح ہوں اوران میں تاویل کی ضرورت نہ ہو |
| محمول | مَحْمُوْل | قیاس، گمان یا ظن کیا گیا |
| محو | مَحْوُ | گم ہونا، منہمک ہونا، مٹایا ہوا |
| محویت | مَحْوِیَّتُ | گہری سوچ میں گم ہونا، کسی کام میں منہمک ہونا |
| محیط عالم | مُحِیْطِ عَالَمُ | سارے عالم کو محیط، پوری دنیا پر حاوی |
| مخبری | مُخْبِرِی | مخبر کا کام، خبر رسانی، جاسوسی |
| مُخَبَّطُ الحواس | مُخَبَّطُ الْحَوَاسّ | وہ شخص جس کے حواس بجا نہ ہوں، پاگل، خبطی |
| مختار کاری | مُخْتَارُ کَارِیُ | نمائندگی، جس کو کسی کام کا اختیار دیا جائے |
| مختص القوم | مُخْتَصُّ الْقَوْمِ | ایک قوم سے مخصوص |
| مخدوم | مَخْدُوْم | قابل تعظیم شخص، جس کی خدمت کی جائے |
| مخذول | مَخْذُوْل | جسے بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہو۔ جس کی مدد نہ کی جائے |
| مخفی | مَخْفِیُ | پوشیدہ، چھپا ہوا |
| مخنثوں | مُخَنَّثُوْں | ایسے اشخاص جو رجولیت سے محروم ہوں، ہیجڑا |
| مدوشد | مَدّ و شَدّ | تاکید، زور و شور، شدت، شان و شوکت |
| مدار | مَدَارُ | گردش کی جگہ، اساس، بنیاد، جس پر کسی چیز یا بات کا انحصار ہو، مقررہ راستہ یا طرز، ڈگر |
| مدارِنجات | مَدَارِ نَجَاتُ | وہ چیز جس پر رہائی اور خلاصی کا انحصار ہو |
| مدارج خاصہ | مَدَارِجِ خَاصَّه | خاص درجے، مراتب، رتبے |
| مدافعت | مُدَافَعَتُ | دفاع، دفع کرنا، بچاو، مزاحمت |
| مدرس | مُدَرِّسُ | درس دینے والا |
| مدعا | مُدَّعَا | مقصود، غرض، مراد، منشا، خواہش |
| مدعی | مُدَّعِیُ | عدالت میں دعویٰ دائر کرنے والا، مستغیث |
| مذکورومسطور | مَذْکُوْرو مَسْطُوْر | لکھا ہوا ذکر کیا گیا |
| مذنب | مُذْنِبُ | گنہگار، عاصی، مجرم |
| مراتب | مَرَاتِبُ | درجے، رتبے، مدارج، مناصب، مرتبے |
| مرتب | مُرَتَّبُ | قاعدے قرینے سے لگایا گیا، آراستہ |
| مرتد | مُرْتَدُ | دین سے منحرف، اسلام سے پھرا ہوا |
| مُرتشی | مُرْتَشِیُ | رشوت لینے والا |
| مرثیہ | مَرْثِیَہُ | وہ نظم یا اشعار جن میں کسی کی وفات یا شہادت کا حال یا مصیبتوں کا ذکر ہو |
| مرجع | مَرْجِعُ | ٹھکانہ، پناہ گاہ، پھر کے آنے کی جگہ |
| مرجع خلائق | مَرْجِعِ خَلَائِقُ | ساری خلقت کا ٹھکانہ یا مرکز، وہ شخص یا وہ جگہ جس کی طرف زیادہ خلقت رجوع کرتی ہو |
| مرجع کلام | مَرْجِعِ کَلَامُ | بات جس کی طرف لوٹ رہی ہو |
| مردمی | مَرْدَمِیُ | مردانگی، مروت، جوانمردی |
| مردود | مَرْدُوْد | ملعون، کسی جگہ سے باہر کیا گیا نکالا گیا |
| مُرسَل | مُرْسَلُ | بھیجا گیا، پیغمبر، نبی، رسول |
| مرسلین | مُرْسَلِیْن | مرسل کی جمع |
| مرشد | مُرْشِدُ | رہبر یا ہادی، گرو، ولی، ہدایت کرنے والا |
| مرض دق | مَرَضِ دِقُ | ایسا مرض جس میں ہر وقت بخار رہتا ہے کھانسی اٹھتی ہے |
| مرض صرع | مَرَضِ صَرُعَ | مرگی کا مرض |
| مرگ | مَرْگ | موت |
| مرگھٹ | مَرْگھٹُ | شمشان، وہ جگہ جہاں ہندو اپنے مردے جلاتے ہیں |
| مزاحم | مُزَاحِمُ | روکنے والا مانع، حائل، مزاحمت کرنے والا |
| مسافت | مَسَافَتُ | فاصلہ، دوری، بعد |
| مستثنیٰ | مُسْتَثْنیٰ | علیحدہ، جدا، عام حکم سے الگ، ایسی بات جس پر قاعدہ کلیہ کا اطلاق نہ ہو سکے |
| مستجمع جمیع صفات کاملہ | مُسْتَجْمِعُ جَمِیْعِ صِفَاتِ کَامِلَه | تمام صفات حسنہ کو جمع کرنے والا/ اکٹھا کرنے والا |
| مستحدث | مُسْتَحْدَثُ | نیا پیدا کیا گیا، نیا ایجاد کردہ، نیا بنایا ہوا |
| مستعد | مُسْتَعِدُ | آمادہ، تیار، کمربستہ، ہر وقت حاضر |

| | | |
|---|---|---|
| مستعفی | مُسْتَعْفِیُ | استعفیٰ دینے والا، برطرفی چاہنے والا |
| مستغاث علیہ | مُسْتَغَاثُ عَلَیْه | جس کے خلاف نالش کی جائے، وہ شخص جس پر مقدمہ دائر کیا جائے |
| مستغنی | مُسْتَغْنِیُ | بے پروا، بے نیاز، جسے کسی چیز کی خواہش یا حاجت نہ ہو، بےفکر |
| مستفتی | مُسْتَفْتِیُ | فتویٰ چاہنے والا، فیض کا طالب |
| مستفیض | مُسْتَفِیْض | فیض چاہنے والا، فیض کا طالب، فیض اٹھانے والا |
| مستلزم | مُسْتَلْزِمُ | ضروری گردانا گیا، ضروری، جو اپنے اوپر کسی کام کو لازم کرلے (مستلزَم: وہ کام جو کوئی اپنے اوپر لازم کرلے۔) |
| مستوجب | مُسْتَوْجَبُ | لائق، قابل، کسی بات کا سزاوار |
| مستور | مَسْتُوْر | چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی |
| مسرف | مُسْرِفُ | بے جا خرچ کرنے والا، فضول خرچی کرنے والا، اسراف کرنے والا، فضول خرچ |
| مسلّم | مُسَلَّمُ | تسلیم شدہ، مانا ہوا، مقبول، صحیح سلامت |
| مسمّات | مُسَمَّاتُ | موسومہ۔ مسمّٰی کی تانیث، نام کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے جیسے مسمیٰ زید، اور مسمات فاطمہ |
| مسمی | مُسَمَّی | موسوم، جو پکارا گیا یا جس کا نام رکھا گیا |
| مسنون | مَسْنُوْنُ | وہ (فعل یا طریق) جو سنت رسول ہو یعنی رسول اللہ ﷺ نے خود اختیار کیا ہو یا کرنے کا حکم دیا ہو |
| مسودہ | مُسَوَّدَه | لکھا ہوا، ابتدائی تحریر جس میں اصلاح و ترمیم کی گنجائش ہو |
| مشاہیر | مَشَاهِیْر | مشہور لوگ |
| مشتاق | مُشْتَاقُ | اشتیاق رکھنے والا، شائق، آرزومند، طالب |
| مشتبہ | مُشْتَبِه | ملا جلا، جس کی حقیقت واضح نہ ہو |
| مُشتَہَر | مُشْتَهَرُ | شہرت دیا گیا، مشہور یا اعلان یا اشتہار کردہ۔ (مشتہِر: مشہور کرنے والا، اشتہار دینے والا) |
| مشتہرہ | مُشْتَهَرَه | اعلان کیا گیا، اشتہار دیا گیا |
| مشرف | مُشَرَّفُ | سرفراز، شرف یافتہ |
| مشرف باسلام | مشرَّفُ بِاِسْلَام | اسلام قبول کرنا |
| مشیخت | مَشِیْخَتُ | بزرگی |
| مشیت | مَشِیَّتُ | خواہش، مرضی، ارادہ |
| مشیت ایزدی | مَشِیَّتِ ایْزِدِیُ | تقدیر الٰہی، خدا کی مرضی |
| مشیر | مُشِیْر | مشورہ یا رائے دینے والا، تدبیر بتانے والا، صلاح دینے والا |
| مشیمہ حجاب | مَشِیْمَۂِ حِجَابُ | رحم کی اندرونی جھلی جس کے اندر بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے |
| مصاحب | مُصَاحِبُ | ہم نشین، رفیق، دوست، ساتھی، جلیس |
| مصارف | مَصَارِفُ | اخراجات، خرچ کی مختلف مدیں |
| مصداق | مِصْدَاقُ | وہ جس پر کوئی مضمون صادق آئے، ثبوت صداقت، ثبوت کنندہ |
| مصدَّق | مُصَدَّقُ | تصدیق کیا ہوا، آزمایا یا تجربہ کیا گیا |
| مصدِّق | مُصدِّقُ | سچائی کی تصدیق کرنے یا گواہی دینے والا، سچ ثابت کرنے والا جو تصدیق کرے |
| مصفا/مصفّٰی | مُصَفّٰی | پاکیزہ، صاف کیا گیا، نتھرا ہوا |
| مصلحت | مَصْلَحَتُ | صلاح مشورہ،، بہتری، بھلائی، پالیسی |
| مصمّم | مُصَمَّمُ | پختہ، مستحکم، پختہ ارادے کے ساتھ |
| مضایقہ | مُضَایَقَهُ | حرج، قباحت، خرابی، تنگی، تامل |
| مضل | مُضِلُّ | گمراہ کرنے والا، ضائع کرنے والا |
| مطلع | مُطَّلِعُ | اطلاع دینے والا، آگاہ کرنے والا |
| مطہروحی | مُطَهَّرُ وَحی | پاکیزہ وحی |
| مظہرتجلیات الٰہیہ | مَظْهَرِ تَجَلِّیَاتِ اِلٰهِیَّهُ | جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کے جلووں کا اظہار ہو۔ وہ وجود جس پر اللہ تعالیٰ کی تجلیات کا ظہور ہو۔ |
| معارض | مُعَارِضُ | مقابل، مخالف، حریف، مدعی |
| معارف | مَعَارِفُ | اشیاء کی واقفیت، معرفت ذات خداوندی کے مسائل |

مکرم عبدالرزاق صاحب بٹ مربی سلسلہ

# مکرم مولانا بشیر احمد صاحب قمر کا ذکرِ خیر

1972ء یا 73ء کی بات ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تحریک پر احمدی خدام پاکستان کے مختلف علاقوں سے سائیکلوں پر سالانہ اجتماع پر تشریف لائے۔ ان میں ایک بزرگ پگڑی والے بھی تھے۔ قریب آنے پر معلوم ہوا کہ محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب ہیں اور خدام کے ہمراہ سائیکل پر اپنے حلقہ سے تشریف لائے ہیں۔

خاکسار کی تقرری گھانا ہوئی۔ 1975ء جنوری میں گھانا پہنچا۔ جاتے ہی بخار ہو گیا محترم امیر عبدالوہاب بن آدم صاحب نے آسوکورے ہسپتال میں داخل کروایا۔ مکرم ڈاکٹر سردار حمید احمد صاحب نے بہت توجہ اور محبت سے علاج کیا تین ماہ علاج جاری رہا تین وقت کھانا ساتھ بٹھا کر کھلاتے۔ ان کی اہلیہ محترمہ باوجود اس کے کہ خود بھی ڈاکٹر تھیں اور بہت مصروف تھیں، خود میرا کھانا تیار کرتیں۔ آج کل محترم ڈاکٹر صاحب لندن میں پیارے آقا کے پاس قیام پذیر ہیں۔ اس دوران مکرم مولانا بشیر احمد صاحب قمر کی تقرری گھانا ہوئی اور وہ گھانا تشریف لے آئے۔ محترم امیر صاحب نے فرمایا کہ جب تک خاکسار کی صحت بحال نہیں ہوتی محترم مولانا صاحب میری جگہ ٹمالے کام کریں جب مَیں سخت بیمار ہو گیا تو مکرم یعقوب بن مالک صاحب سابق وزیر داخلہ M.N.A ٹمالے حلقہ (ٹمالے کے علاقہ میں ڈگومبا قبیلہ ہے اس سے تعلق رکھتے ہیں اور بڑے مخلص احمدی ہیں) کو جب علم ہوا کہ مَیں سخت بیمار ہوں جہاز کا ٹکٹ خریدا، سیٹ بک کروائی اور اپنی گاڑی میں ٹمالے ائیرپورٹ پر لے گئے اور جہاز میں بٹھا کر مکرم مولانا نصیر احمد چوہدری صاحب کو فون کیا کہ مجھے کماسی ائیرپورٹ سے لے لیں۔ وہ کماسی میں بطور مربی سلسلہ کام کر رہے تھے۔ جب خاکسار کی طبیعت بہتر ہوئی تو واپس ٹمالے آ گیا۔ محترم امیر صاحب نے فرمایا کہ جب تک خاکسار کی طبیعت کامل طور پر بحال نہیں ہوتی محترم مولانا قمر صاحب میرے ہمراہ رہیں۔ اس دوران آپ کے قریب رہنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ مَیں نے دیکھا کہ آپ خدا کے ان بندوں میں سے تھے جو بڑی عاجزی سے زمین پر چلتے ہیں، راتیں قیام و سجود میں گزارتے ہیں اور دن ڈرتے ڈرتے بسر کرتے ہیں۔

ان دنوں ٹمالے جماعت ابھی بہت چھوٹی تھی۔ جماعت گھانا کا ایک انگریزی اخبار ماہانہ ''دی گائیڈینس'' چھپتا تھا۔ قیمت 10 پیسواس تھی۔ اس کو شہر میں گھوم پھر کر فروخت کیا جاتا تھا۔ اس دوران خاکسار بھی مولانا صاحب کے ہمراہ ہوتا اور آپ کی دعوت الی اللہ سننے کا بھی موقع ملتا۔ ہر ایک کو مسکراتے ہوئے سلام کرتے اور حکمت سے جماعت کا پیغام پہنچاتے۔

خلافت اور قرآن مجید کی محبت آپ کے جسم اور روح میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ جماعت کے افراد سے رابطے کے وقت گفتگو کا محور صرف یہی دو باتیں ہوا کرتی تھیں۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ جو مربیان جماعت کی تربیت میں رابطے کے وقت ان دو باتوں (خلافت اور قرآن سے محبت) کی طرف توجہ دلاتے رہتے ہیں ان کا تربیت کا کام آسان ہو جاتا ہے۔ جماعت کے افراد کی تربیت کے سلسلہ میں فرد یا خاندان سے رابطہ اور تربیت کرنے کا آپ کو اللہ تعالیٰ نے خاص ملکہ عطا فرمایا تھا۔

آپ خدا کے ان بندوں میں سے تھے جن کا دل ہر وقت خدا کے گھر میں اٹکا رہتا ہے اور جنہیں ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار رہتا ہے، جو تقویٰ کی باریک راہوں پر چلتے اور خدا کے خوف سے ہر وقت لرزاں و ترساں رہتے ہیں۔

آپ نے جامعہ میں طالب علمی کے زمانے کا ایک عجیب واقعہ سنایا کہ مکرم ابوالحسن قدسی صاحب جامعہ میں آپ کے استاد تھے۔ ایک دن آپ کے پاس تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ مجھے کچھ رقم کی ضرورت ہے۔ آج رات فرشتے نے بتایا ہے کہ یہ رقم بشیر احمد قمر سے لے لو۔ آپ نے بتایا کہ اگرچہ میرے ظاہری حالات ایسے نہ تھے کہ میرے پاس اتنی رقم ہوتی لیکن یہ عجیب الٰہی تصرف تھا کہ خدا کے فضل سے اس وقت اتنی ہی رقم میرے پاس موجود تھی۔ جو مَیں نے استاد محترم کی خدمت میں پیش کر دی۔ اور چند دن بعد حسب وعدہ آپ نے وہ رقم واپس فرما دی۔

جماعت کے مرکز اکرا (Accra) میں جب کبھی میٹنگ ہوتی خاکسار ایک دو دن قبل آپ کے پاس پہنچ جاتا اور آپ کی مہمان نوازی سے لُطف اندوز ہوتا اور وہاں سے آپ کے ہمراہ اکرا روانہ ہو جاتا۔ راستے میں دعاؤں اور استغفار میں مصروف رہتے۔ کبھی کبھی پاکیزہ مزاح سے بھی نوازتے۔

ایک دفعہ جلسہ سالانہ گھانا کے بعد واپسی سفر کا پروگرام بنا (اس وقت جلسہ سالانہ گھانا سالٹ پانڈ میں ہوا کرتا تھا) کیپ کوسٹ جو سالٹ پانڈ سے پندرہ میل کے فاصلے پر ہے وہاں سے بس کے ذریعہ کماسی جانا تھا۔ سارا دن اڈوں پر پھرتے رہے۔ شام ہو گئی مگر بس نہ ملی۔ واپسی سالٹ پانڈ کا فیصلہ ہوا۔ سالٹ پانڈ پہنچ کر رات مکرم مرزا نصیر احمد صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ کے گھر گزاری۔ نمازِ فجر پر محترم امیر صاحب سے ملاقات ہوئی۔ تفصیل بتائی تو فرمایا مجھے اطلاع کرنی چاہئے تھی اور پھر ٹرانسپورٹ کا انتظام کر دیا۔ اس سارے وقت میں آپ دعاؤں اور استغفار میں مصروف رہے۔

ایک دفعہ ایک میٹنگ میں ایک بزرگ نے اس رنگ میں بات کی جس سے میں نے تکلیف محسوس کی۔ میری طبیعت میں جوش آیا اور مَیں کچھ کہنا چاہتا تھا آپ میرے ساتھ والی کرسی پر تشریف فرما تھے۔ فوراً قرآن کریم کی وہ آیت جس میں حضرت موسیٰؑ حضرت ہارونؑ کو سرزنش کرتے ہیں، نکال کر میرے سامنے کر دی۔ پڑھ کر بہت لطف آیا۔ جسم و روح پر وجد طاری ہو گیا۔ کیا رنگ ہے اللہ کے بندوں کا اور ان کی صحبت کس طرح بے چینی کو سکون میں بدل دیتی ہے آج بھی جب یہ واقعہ یاد آتا ہے عجیب لطف آتا ہے اور آپ کے لئے دل سے دعا نکلتی ہے۔

ایک دفعہ کشمیر کے تربیتی دورے میں خاکسار آپ کے ہمراہ تھا۔ پندرہ دن کا پروگرام تھا۔ مکرم اللہ دتہ صاحب مرحوم آف آرام باڑی ضلع کوٹلی کے ہاں قیام تھا۔ مولانا صاحب نے فرمایا دونوں کا ایک جگہ قیام تربیت کے کام کو محدود کر دے گا۔ آپ چونکہ بیمار ہیں یہاں ہی قیام کریں مَیں پہاڑ پر دوسرے حلقہ میں قیام کر لیتا ہوں۔ یہ مقام (ھیلاں) پہاڑی کے اوپر ہے اور چڑھائی بھی کافی مشکل ہے۔ وہاں ایک مخلص احمدی چوہدری شریف احمد صاحب نے عرض کی کہ مولانا صاحب! پہاڑی کے دامن سے پانی لانے کی بڑی مشکل ہے۔ دعا کریں اللہ تعالیٰ آسانی پیدا کر دے۔ کچھ عرصہ بعد خاکسار اسی علاقے کے دورے پر گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ان کے صحن میں کنواں ہے اور وہاں سے پانی نکال رہے ہیں۔ کہنے لگے ایک دن مکان کی مرمت کے لئے مٹی کی ضرورت تھی صحن میں سے مٹی کھودنے پر چشمہ جاری ہو گیا۔ اب وہاں چوہدری صاحب نے ایک خوبصورت مہمان خانہ بھی بنوایا ہوا ہے جس میں چوبیس گھنٹے ایم ٹی اے کا چینل ٹی۔ وی پر لگا رہتا ہے اور خدا کے خوبصورت گھر کی تعمیر بھی کر رہے تھے۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ مکرم مولانا صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ کے درجات بلند فرماتا چلا جائے۔ (آمین)

مکرم فرید احمد جاوید صاحب

# محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی یاد میں

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب ایک عظیم انسان تھے آپ جہاں ضلع میرپور خاص کے امیر تھے اور بہت خدمت کرتے تھے وہاں آپ نے مجلس اطفال الاحمدیہ کی تربیت کے لئے بہت کام کیا آپ کو ہمیشہ یہ فکر رہتی تھی کہ یہ ہماری نئی نسل ہے اس کی تربیت اچھی ہونی چاہئے آپ ہمیشہ خاکسار کو اس بارے میں ضرور توجہ دلاتے تھے کہ اگر یہ نسل جماعت کی خدمت کے لئے تیار نہ ہوگی تو پھر آگے چل کر بہت مشکل ہوگی لہٰذا آپ نے 2004ء میں ایک کلاس شروع کرنے کے لئے خاکسار کو کہا آپ نے اس کلاس کی خواہش ایک سیرت النبیؐ کے جلسہ میں کی کہ میں چاہتا ہوں کہ اطفال میں بھی اعلیٰ صفات پیدا کی جائیں۔ لہٰذا اس کلاس کا آغاز 2004ء میں ہوا۔ یہ کلاس ہر اتوار کو صبح نو بجے ہوتی اس لئے محترم امیر صاحب نے اس کلاس کا نام سنڈے کلاس رکھا آپ اس کلاس کی صدارت خود فرماتے تھے۔

خاکسار کو بھی موقع ملا اور آپ کے ساتھ تعاون کرتا رہا محترم امیر صاحب نے کلاس میں کسی بھی وجہ سے کسی طفل کو کبھی سخت الفاظ نہیں کہے بلکہ آپ اطمینان سے ہر کسی کی بات سنتے تھے محترم امیر صاحب دنیاوی طور پر بہت کامیاب انسان تھے اس سے زیادہ آپ دین داری میں آگے تھے آپ اطفال کو ہمیشہ تلقین فرماتے تھے کہ جماعت احمدیہ سے ہی ہماری عزت ہے آپ کو خلافت سے بہت عشق تھا آپ خلافت کے جاں نثاروں میں سے ایک تھے۔ شہادت سے تین روز قبل مجلس اطفال الاحمدیہ سیٹلائٹ ٹاؤن کا ایک تقریری پروگرام خلافت کے موضوع پر تھا آپ نے اس پروگرام کا افتتاح کیا۔ آپ نے خطاب میں ارشاد فرمایا کہ ہم سب کو خلافت کے استحکام کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہنا چاہئے آپ نے فرمایا کہ ہمیں وہ کام کرنے چاہئیں جس سے جماعت کی عزت ہو۔

آپ کو دعوت الی اللہ کا بھی بہت شوق تھا آپ اطفال کو بھی کہتے تھے کہ ہمیشہ حق کا پیغام دوسروں کو دینا چاہئے۔ محترم شہید ڈاکٹر صاحب نے جہاں جماعت کی تربیت کے لئے انتھک محنت کی وہاں اطفال الاحمدیہ کو فعال دیکھنے کے لئے ہر لمحہ ہر وقت کوشاں رہتے تھے ہر موقع پر جب بھی ملاقات ہوتی ارشاد فرماتے کوئی پروگرام تربیت کے حوالہ سے رکھیں اور اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے اور دعائیں دیتے۔ اطفال کی کلاس میں جب تشریف لاتے تو آپ کے چہرے پر رونق ہوتی تھی بے شمار مصروفیات کو ترک کر کے کلاس میں رونق افروز ہوتے تھے بعض دفعہ باہر سے عزیز دوست تشریف لاتے تو ان کو بھی بڑی خوشی سے کلاس میں لے کر آتے اور کلاس میں شامل کرتے اور بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے چاکلیٹ بسکٹ وغیرہ منگواتے تمام بچوں میں تقسیم فرماتے۔ جو بچہ کلاس میں سوالات کے جواب دیتا ہر مقابلہ میں حصہ لیتا اس کو خصوصی انعام عنایت فرماتے کہ بچوں میں شوق اور جذبہ پیدا ہو۔

محترم ڈاکٹر صاحب بہت ہی عظیم انسان تھے آپ کی محبت کی بے شمار مثالیں ہیں۔ ان کی خدمات اور صفات کا ذکر کرنا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے اس عظیم سپوت کو اپنے قرب میں جگہ دے اللہ تعالیٰ ہر لمحہ ان پر رحمتیں اور برکتیں نازل فرماتا چلا جائے۔

# اطلاعات واعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تحریک جدید کی عظمت کا تقاضا

تحریک جدید کے متعلق حضرت مصلح موعودؓ کا ارشاد ہے کہ ’’اس میں اخلاص سے حصہ لینے والوں کو اللہ تعالیٰ اپنے قرب کا مقام عطا فرمائے گا۔‘‘

(بحوالہ انیس سالہ کتاب صفحہ 21)

تحریک جدید کی عظمت کے پیش نظر اخلاص سے کام کرنے کی طرف جو حضور نے توجہ دلائی ہے اور اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے قرب کا انعام بیان فرمایا ہے یہ صورتحال متقاضی ہے کہ اس کی خاطر پورے جوش وخروش سے کام کیا جائے۔ جیسا کہ حضرت مصلح موعودؓ ایک اور ارشاد میں فرماتے ہیں۔

’’میں جماعت کو پھر توجہ دلاتا ہوں کہ تحریک جدید تمہیں اس وقت تک کامیاب نہیں کر سکتی جب تک رات دن ایک کر کے کام نہ کرو اپنی راتوں اور دنوں پر قبضہ نہ کرو اور ایسی عادت نہ ڈالو جس کام کو اختیار کرو اس طرح کرو جس طرح ہمارے ملک میں کہتے ہیں تخت یا تختہ۔‘‘

(مطالبات صفحہ 179)

اب جبکہ ہمارے محبوب امام کی طرف سے اعلان سال رواں پر 8 ماہ گزر چکے ہیں بقیہ سال میں عہدیداران حضرت مصلح موعودؓ کے مذکورہ بالا ارشاد کی روشنی میں کامیابی کے حصول کیلئے رات دن ایک کر کے سال رواں کو بھی بفضل خدا ایمان افروز نتائج سے مالا مال کر دیں اور اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے قرب کا مقام حاصل کریں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## نکاح

مکرم عامر رشید صاحب کارکن اردو میڈیم ہائی سکول نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم طاہر رشید صاحب کارکن طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ ابن مکرم رشید احمد ارشد صاحب سابق کارکن دفاتر مجلس انصاراللہ پاکستان کے نکاح کا اعلان مورخہ یکم مئی 2009ء کو بعد نماز مغرب بیت المبارک میں مکرم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد دعوت الی اللہ نے ہمراہ مکرمہ صائمہ مبشر صاحبہ بنت مکرم مبشر احمد صاحب آف بریڈفورڈ برطانیہ مبلغ دو لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ مکرم طاہر رشید صاحب مکرم چوہدری فضل احمد صاحب مرحوم سابق کارکن نظارت علیا کے پوتے اور مکرم ماسٹر منصور احمد ظفر صاحب مرحوم ابن مکرم ظفر محمد ظفر صاحب سابق پروفیسر جامعہ احمدیہ کے نواسے ہیں۔ جبکہ مکرمہ صائمہ مبشر صاحبہ مکرم حکیم مبارک احمد صاحب کاہلوں دارالیمن غربی کی پوتی اور مکرم چوہدری محمد طفیل صاحب چک نمبر 128-9L ساہیوال کی نواسی ہیں۔

نیز خاکسار کی چھوٹی ہمشیرہ مکرمہ فائزہ رشید صاحبہ بنت مکرم رشید احمد ارشد صاحب کے نکاح کا اعلان مورخہ 24 مئی 2009ء کو بعد نماز عصر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے ہمراہ مکرم اظہر احمد ظفر صاحب ابن مکرم خالد احمد ظفر صاحب دارالیمن وسطی حمد کے ساتھ مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ مکرمہ فائزہ رشید صاحبہ مکرم چوہدری فضل احمد صاحب مرحوم سابق کارکن نظارت علیا کی پوتی اور مکرم ماسٹر منصور احمد ظفر صاحب ابن مکرم مولانا ظفر محمد ظفر صاحب کی نواسی ہیں جبکہ مکرم اظہر احمد ظفر صاحب مکرم ماسٹر منصور احمد ظفر صاحب کے پوتے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں رشتوں کو بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

## نکاح وتقریب رخصتی

مکرم مجید احمد خان صاحب نائب آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بھتیجے مکرم محمد عادل خان صاحب ابن مکرم پروفیسر سعید احمد خان صاحب مرحوم ساکن داروغہ والا لاہور حال مقیم دارالیمن وسطی ربوہ کے نکاح کا اعلان مورخہ 14 فروری 2009ء کو سبزہ زار دفاتر تحریک جدید ربوہ میں مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے ہمراہ مکرمہ عائشہ سلمیٰ میر صاحبہ بنت مکرم میر عبدالرشید تبسم صاحب مرحوم سابق نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ کے ساتھ مبلغ دو لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ شام 5 بجے رخصتی عمل میں آئی۔ دلہن مکرم میر عبدالرحیم صاحب کی پوتی‘ مکرم فتح محمد خان صاحب کی نواسی اور مکرم میر عبدالباسط صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد دعوت الی اللہ کی بھتیجی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر جہت سے بابرکت فرمائے۔ آمین

## دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر الفضل شعبہ اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں دورہ پر ہیں۔ تمام کاروباری احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## ربوہ میں ہفتہ تعلیم القرآن

مکرم قاری مسرور احمد صاحب سیکرٹری تعلیم القرآن لوکل انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خدا کے فضل سے شعبہ تعلیم القرآن ربوہ کے تحت مورخہ 8 تا 14 مئی 2009ء ربوہ میں ہفتہ تعلیم القرآن منایا گیا۔

ہفتہ قرآن کا پروگرام اور رپورٹ فارم ربوہ کے تمام محلّہ جات میں بھیجا گیا۔ جس میں نماز تہجد سے آغاز، باجماعت نمازوں کا قیام، روزانہ تلاوت اور ترجمہ پڑھنا، ناخواندہ افراد کو خصوصاً قرآن پڑھانے کا فوری انتظام کرنا، ناظرہ اور ترجمہ قرآن کلاسز، ایک ’’اجلاس عام‘‘ کا انعقاد (جس میں قرآن کریم کے فضائل و برکات کا تذکرہ ہو) نیز مقابلہ تلاوت، حفظ قرآن اور نظم (از منظوم کلام حضرت مسیح موعود بابت قرآن) کا پروگرام دیا گیا۔

محلّہ جات سے آمدہ رپورٹس کے مطابق 30 محلّہ جات میں اجلاسات بابت فضائل قرآن ہوئے۔ 8 مئی 2009ء بروز جمعہ اجتماعی نماز تہجد کا انتظام کیا گیا۔ ربوہ کے ہر محلّہ میں خطبہ جمعہ تعلیم القرآن کی اہمیت اور برکات کے موضوع پر دیا گیا۔ ہفتہ قرآن کے پروگرام کی طرف بھی توجہ دلائی۔ اکثر محلّہ جات میں دوران ہفتہ قرآن کریم کے فضائل و برکات پر درس ہوتے رہے۔ 13 محلّہ جات میں مقابلہ تلاوت نظم اور حفظ قرآن کروائے گئے۔ تین محلّہ جات میں اجتماعی تقریب آمین کا انعقاد ہوا۔ اس ضمن میں 27 مئی 2009ء کو بیت الناصر دارالرحمت غربی میں خلافت جوبلی سال کے دوران قرآن ختم کرنے والے واقفین نو کی اجتماعی تقریب آمین بھی منعقد کی گئی۔ کل شریک 75 واقفین نو میں سے 64 نے ناظرہ قرآن مکمل کیا اور 11 نے حفظ قرآن مکمل کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی محترم مرزا محمد الدین ناز صاحب ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن نے بچوں سے قرآن سنا۔ پھر ان کو انعامات، سادہ قرآن اور یادگاری شیلڈ تقسیم کرنے کے بعد خطاب سے نوازا۔

مندرجہ ذیل محلّہ جات میں خصوصی اجلاسات اور قرآن سیمینار منعقد ہوئے۔

ناصر آباد شرقی۔ حاضری 114، مدرسۃ الحفظ شکور پارک، دارالیمن وسطی حمد۔ حاضری 124، دارالصدر شمالی ہدیٰ۔ حاضری 106 نیز انعامات تقسیم کئے گئے اور تجوید القرآن وترجمۃ القرآن کلاس منعقد ہوئی۔ حاضری 35 رہی، بیت بلال۔ حاضری 105، دارالصدر غربی لطیف۔ حاضری 87، دارالنصر شرقی محمود۔ حاضری 163، دارالبرکات، نیز مریم صدیقہ ہائی سکول دارالرحمت غربی اور مریم گرلز ہائی سکول دارالنصر وسطی میں مقابلہ جات کرائے گئے۔ لیکچرز اور درس ہوئے۔

## خلافت ثالثہ کے دور میں اشاعت قرآن کی تحریکات

جماعت احمدیہ خلافت ثالثہ میں اشاعت قرآن کے لحاظ سے ایک نئے دور میں داخل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے دل میں اشاعت قرآن کریم کا بے پناہ جذبہ پیدا کیا تھا اور اس کی تسکین کے لئے بشارتیں بھی دی تھیں۔

آپ نے 4 جولائی 1980ء کو فرینکفرٹ میں خطبہ جمعہ ارشاد کرتے ہوئے فرمایا:۔

ایک دن مجھے یہ بتایا گیا کہ تیرے دور خلافت میں پچھلی دو خلافتوں سے زیادہ اشاعت قرآن کا کام ہوگا۔ چنانچہ اب تک میرے زمانہ میں پچھلی دو خلافتوں کے زمانوں سے قرآن مجید کی دوگنا زیادہ اشاعت ہو چکی ہے۔ دنیا کی مختلف زبانوں میں اب تک قرآن مجید کے کئی لاکھ نسخے طبع کروا کر تقسیم کئے جا چکے ہیں۔

(الفضل 15 جولائی 1980ء ص 2)

اس مقصد کے حصول کے لئے آپ کو بے پناہ جدوجہد کرنی پڑی اور متعدد تحریکات اور سکیمیں آپ نے شروع فرمائیں۔

آپ نے اپنی دلی تمنا بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

میرے دل میں یہ شدید خواہش ہے کہ اگلے پانچ سال میں قرآن کریم کی کم از کم دس لاکھ کاپیاں دس لاکھ افراد کے پاس یا یوں کہنا چاہئے کہ دس لاکھ گھروں میں پہنچ جانی چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ نے بڑا فضل کیا۔ میں نے یہ کام کروا دیا ہے۔ میں خود حیران ہوں میرا زمانہ خلافت ابھی بہت تھوڑا ہے۔ پانچ چھ سال کے اس تھوڑے سے عرصہ میں قرآن کریم کی ایک لاکھ کاپیاں چھپ چکی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ آپ میں سے کسی دوست کے ذہن میں یہ بات نہیں آئی ہوگی کہ کتنا بڑا انقلاب آگیا ہے ...... میں نے امرائے ضلع کو ایک آسان سکیم بنا کر دی تھی کہ ہر تحصیل اشاعت قرآن کے لئے دو ہزار روپے جمع کرے ...... اگر ہم اوسطاً فی تحصیل دو ہزار روپیہ بطور سرمایہ اشاعت قرآن کے لئے جمع کریں تو مغربی پاکستان کی کل 152 تحصیلیں ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ 3 لاکھ 4 ہزار روپے جمع ہو سکتے ہیں۔ (خطبات ناصر جلد 4 ص 275,274)

## ضرورت انسپکٹران ومحررین

وقف جدید انجمن احمدیہ میں انسپکٹران ومحررین گریڈ درجہ دوم کی خالی آسامیوں کیلئے محنتی، مخلص اور خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے احباب سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت ایف۔اے، ایف ایس سی (کم از کم 45 فیصد نمبروں کے ساتھ پاس) ہو۔ اپنی درخواستیں صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ خاکسار کے نام وقف جدید انجمن احمدیہ میں مورخہ 11 جولائی 2009ء تک بھجوائیں۔

(ناظم مال وقف جدید)

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

## 7 / جولائی 2009

12-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am عربی سروس
1-30 am لقاءمع العرب
2-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-10 am گلشن وقف نو
4-15 am خطبہ جمعہ فرمودہ 11 جولائی 2008ء
5-25 am طب وصحت
6-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-15 am لقاءمع العرب 20 / اگست 1994ء
8-20 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-35 am خطبہ جمعہ فرمودہ 11 جولائی 2008ء
9-30 am فرنچ سروس 9 فروری 1998ء
10-30 am خلافت جوبلی کوئز
12-00 pm تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
1-00 pm گلشن وقف نو 4 جنوری 2009ء
2-05 pm سوال وجواب 14 جنوری 1996ء
3-00 pm امن کانفرنس
4-00 pm انڈونیشین سروس
5-00 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 15 / اگست 2008ء
6-00 pm تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
7-00 pm بنگلہ پروگرام
8-05 pm خدام الاحمدیہ یو کے اجتماع 2003ء
8-35 pm کینیڈا کی سیر
9-00 pm گلشن وقف نو
10-10 pm سوال وجواب 14 جنوری 1996ء
11-00 pm امن کانفرنس

## 8 / جولائی 2009ء

12-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am عربی سروس
1-35 am خطبہ جمعہ فرمودہ 3 جولائی 2009ء
2-40 am ایم۔ٹی۔اے بین لاقوامی خبریں
3-10 am گلشن وقف نو
4-25 am خدام الاحمدیہ یو کے اجتماع 2003ء
4-55 am انتخاب سخن
6-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am تلاوت، خبریں
7-10 am لقاءمع العرب 17 ستمبر 1994ء
8-30 am وینکوور۔کینیڈا کی سیر
9-00 am ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-20 am عربی سیکھئے
9-45 am سوال وجواب 14 جنوری 1996ء
10-35 am امن کانفرنس
11-30 am خدام الاحمدیہ یو کے اجتماع 2003ء
12-05 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm بستان وقف نو
2-00 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
3-10 pm سوال وجواب 25 مارچ 1996ء
4-05 pm انڈونیشین سروس
5-00 pm سواحیلی سروس
5-50 pm تلاوت، خبریں
6-35 pm بنگلہ پروگرام
7-35 pm تقریر جلسہ سالانہ 31 جولائی 2004ء
8-25 pm خطبہ جمعہ فرمودہ 2 مئی 1986ء
9-20 pm ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
10-30 pm بستان وقف نو
11-30 pm سوال وجواب

# وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ میں فرانسیسی زبان سیکھیں

دنیا میں انگریزی زبان کے بعد سب سے زیادہ سیکھی جانے والی زبان فرانسیسی زبان ہے اور دنیا کی سب سے زیادہ بولی جانے والی چند زبانوں میں سے ایک ہے۔ دنیا کے پانچ براعظموں میں 68 مما لک میں یہ زبان بولنے والوں کی تعداد دو سو ملین سے زائد ہے۔ یہ زبان جاننے والے افراد کو فرانس، کینیڈا، سوئٹزر لینڈ، بیلجئم اور افریقہ کی ملٹی نیشنل کمپنیوں میں جاب کے مواقع میسر ہیں اور انٹرنیشنل یونیورسٹیز میں داخلہ لینا بھی آسان ہو جاتا ہے۔

فرانسیسی زبان کی اہمیت کے پیش نظر وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ اس زبان کا ابتدائی کورس شروع کر رہا ہے۔ اس کورس کے مکمل ہونے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ منسٹری آف ایجوکیشن آف فرانس کا بنیادی لیول کا امتحان DILF دے سکیں۔ مورخہ 4 جولائی 2009ء کو عصر تا مغرب اس زبان میں دلچسپی رکھنے والے کلاس پنجم تا ہشتم کے واقفین و واقفات نو انسٹیٹیوٹ واقع بیت نصرت دارالرحمت وسطی سے رجسٹریشن کرا لیں۔ اورمزید معلومات کے لئے فون نمبر 0476011966 پر رابطہ کریں۔

(انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

# درخواست دعا

✿ مکرم سید لطیف احمد شاہ صاحب سابق صدر محلّہ دارالنصر شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بھانجے مکرم سید مبشر احمد شاہ صاحب ولد مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب مرحوم آف ڈھل گھیڑ تحصیل کھاریاں بلڈ کینسر کی وجہ سے علیل ہیں اور الشفاء ہسپتال اسلام آباد میں ان کا مورخہ یکم جولائی 2009ء کو آپریشن ہوا ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں ان کی مکمل صحت یابی اور درازی عمر کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

✿ مکرم وحید احمد چوہدری صاحب صدر جماعت احمدیہ درگانوالی ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم چوہدری عبدالرحیم صاحب سانس کی تکلیف میں مبتلا ہیں اور گھبراہٹ بھی بہت زیادہ ہوتی ہے نیز خاکسار کی والدہ محترمہ شریفاں بیگم صاحبہ گھٹنوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں چلنا پھرنا مشکل ہے۔ اسی طرح خاکسار کی خوشدامن صاحبہ سیڑھیوں سے گر گئی ہیں۔ کافی چوٹیں آئی تھیں لیکن اب کافی بہتر ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جملہ افراد کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور تندرستی والی فعال زندگی عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

**ربوہ میں طلوع وغروب 4 جولائی**

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:37 |
| طلوع آفتاب | 6:05 |
| زوال آفتاب | 1:13 |
| غروب آفتاب | 8:20 |


ہاضمے کا لذیذ چورن
تریاق معدہ
کھانا ہضم کرتا ہے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434 Fax:6213966

TUITION
English : Tenses
1 ماہ میں کسی VERB سے 1680 جملے زبانی سنانا سیکھیں
0334-6372030

دانتوں کا معائنہ مفت ☆ عصر تا عشاء
احمد ڈینٹل کلینک
ڈینٹسٹ: رانا مدثر احمد/طارق مارکیٹ اقصیٰ چوک ربوہ

چلتے پھرتے بروکروں سے سیمپل اور ریٹ لیں۔
وہی ورائٹی ہم سے 50 پیسے یا 1 روپیہ کم ریٹ میں لیں
گنیا (معیاری پیمائش) کی گارنٹی کے ساتھ
ہماری خواہش ہے کہ آپ کی لاعلمی کی وجہ سے کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔
اظہر ماربل فیکٹری
15/5 باب الابواب درہ سٹاپ ربوہ
فون فیکٹری: 6215713 گھر: 6215219
پروپرائٹر: رانا محمود احمد موبائل: 0332-7063013

گریس فارما پاکستان
مرغیوں اور حیوانات کی معیاری امپورٹڈ ادویات کا مرکز
91-AII جوہر ٹاؤن لاہور 0300-8454327
www.iccl.org.pk/icp/basit@icpp.icci.org.pk

FD-10

مغل پراپرٹی آفس پروپرائیٹر: عبدالہادی
مکان پلاٹ وغیرہ کی خرید وفروخت کا بااعتماد آفس
کالج روڈ دارالبرکات ربوہ
فون آفس: 047-6215171
موبائل: 0333-6706641,0333-6714012

سکن اور موٹاپے کا کامیاب علاج یو ایس اے نیچرل ادویات سے کیا جاتا ہے
ناصر ہومیو کلینک اینڈ سٹور
کالج روڈ ربوہ بالمقابل جدید پریس ربوہ
0300-7713148

SUZUKI
MINI MOTORS
40 Years of Success
Authorized Dealer
Pak Suzuki Motor Co. Ltd.
54-Industrial Area, Gulberg III, Lahore.
Tel: 5873384 - 5712119
www.minimotors.pk